Passed unanimously
23/12/19
3:25

منجانب : وقار احمد خان (MPA PK-7)

مذمتی قرارداد: 530

محترم جناب سپیکر صاحب!

میں اس معزز ایوان کی وساطت سے موجودہ حکومت کے سامنے یہ بات گوش گزار کرنا چاہتا ہوں کہ سوات میں ظلم اور امن پسند لوگوں کی قتل وغارت کا سلسلہ جاری ہے اور اسی سلسلے میں جناب فیروز شاہ خان ایڈوکیٹ کو نہایت بے دردی کے ساتھ شہید کیا گیا۔

جناب سپیکر! فیروز شاہ خان ایک باپ تھا، بھائی تھا، بیٹا تھا اور سب سے بڑھ کر وہ ایک امن پسند انسان اور پُر امن شہری تھا لہٰذا اُن کا بہیمانہ قتل ظلم کی انتہا ہے اور اگر حکومت اسی طرح ہاتھ پہ ہاتھ رکھ کر امن پسند شہریوں کے قاتلوں کو گرفتار نہ کریں تو یہی معاشرہ جنگل کا معاشرہ کہلائے گا اور ریاست کا وجود ختم ہو جائے گا۔

لہٰذا جناب سپیکر صاحب! آپکی وساطت اور اس معزز ایوان کی وساطت سے حکومت وقت سے پُر زور مطالبہ ہے کہ پورے صوبے میں بلعموم اور سوات میں بلخصوص قتل وغارت گری کا یہ سلسلہ فوری طور پر بند کیا جانا چاہیے اور فیروز شاہ خان شہید کے خاندان کو مکمل تحفظ فراہمی کے ساتھ ساتھ سفاک قاتلوں کو فی الفور گرفتار کر کے قانون کے کٹہرے میں لایا جائے۔ فیروز شاہ خان شہید کو اُن کے امن کے سلسلے میں کئے گئے کوششوں کو ریاستی سطح پر تسلیم کیا جائے اور اُنہیں اسی کے بنیاد پر قومی نشان برائے جرات و شجاعت بعد از شہادت عطا کیا جائے تاکہ دوسرے لوگ کم از کم ریاست کے وجود کو محسوس کریں اور ریاست بھی اپنے امن پسند شہریوں کو یاد رکھ سکیں۔

Waqar Ahmad Khan
MPA PK-7 Swat VI
Khyber Pakhtunkhwa

1049
583
2:00
16/12/19
وقار احمد خان